Srinagar.dailyudaan.com

روزنامہ

اُڑان

تا کہ سچ سربلند رہے

سرینگر

جموں وسرینگر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ

جمعتہ المبارک
04 نومبر 2022
08 ربیع الاخرۃ 1444
SRINAGAR EDITION

www.dailyudaan.com facebook.com/dailyudaan twitter.com/thedailyudaan RNI No.JKURD/2012/47025 قیمت 3 روپے 08 صفحات 266 شمارنمبر 11 جلدنمبر Vol:11 No.266 ₹ 3 Friday 04 November 2022

02 پرنسپل سیکرٹری پی ڈی ڈی نے خصوصی گرام سبھا، مہیلا اور بال سبھا کا انعقاد کیا

08 فٹنس پر شک ہے تو افغانستان سے کھیلنے کا خطرہ مول نہیں لیں گے

پونچھ سیکٹر میں دراندازی کی کوشش ناکام

ایک جنگجو ہلاک

آپریشن ہنوز جاری/ دفاعی ذرائع

یو این آئی

جموں//فوج نے جموں وکشمیر کے پونچھ سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر جنگجوؤں کی طرف سے دراندازی کرنے کی ایک بڑی کوشش کو ناکام بنایا جس دوران ایک ملی ٹینٹ مارا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ علاقے میں مزید ملی ٹینٹوں کی موجودگی کے پیش نظر سیکورٹی فورسز نے وسیع العریض علاقے کو محاصرے میں لے کر تلاشی آپریشن شروع کیا۔ دفاعی ذرائع نے بتایا کہ فوج نے جمعرات کے روز پونچھ سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنایا۔ انہوں نے بتایا کہ جمعرات کے روز پونچھ سیکٹر میں ملی ٹینٹوں کے ایک گروپ نے اس طرف آنے کی کوشش کی تاہم متحرک //..---101

پلوامہ میں لشکر طیبہ کا جنگجو معاون گرفتار/ پولیس

یو این آئی

سری نگر//پولیس نے جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ کے کھامری چوک میں لشکر طیبہ سے وابستہ ایک جنگجو اعانت کار کو گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پلوامہ پولیس، فوج کی 44 آر آر اور سی آر پی ایف کی 183 بٹالین کی ایک مشترکہ ٹیم نے پلوامہ کے کھامری چوک میں ناکے دوران لشکر طیبہ سے وابستہ ایک جنگجو اعانت کار کو گرفتار کیا۔ انہوں نے گرفتار شدہ جنگجو اعانت کار کی شناخت زبیر احمد //..---103

جموں وکشمیر اور لداخ ہمیشہ سے ہندوستان کا اٹوٹ اور لازم وملزوم حصہ رہے ہیں/وزارت خارجہ ترجمان

یو این آئی

نئی دہلی//ہندوستان نے جمعرات کو پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ کے دوران جاری ایک مشترکہ بیان میں جموں وکشمیر پر تبصرہ اور چین پاکستان اقتصادی راہداری میں افغانستان کو شامل کرنے کی تجویز کو مسترد کرتے ہوئے جمعرات کو کہا کہ ایسی کوئی بھی کوشش ہندوستان کے لیے غیر قانونی اور ناقابل قبول ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان ارندم باگچی نے آج یہاں ایک معمول کی پریس بریفنگ میں کہا کہ ''ہم نے پاکستانی وزیر اعظم کے چین دورے کے بعد مشترکہ بیان دیکھا ہے جس میں مرکز کے //..---104

کینیڈا ابھی خالصتانی دہشت گردوں کو قانونی طور پر دہشت گرد قرار دے/ بھارت

یو این آئی

نئی دہلی//ہندوستان نے جمعرات کو کینیڈا میں خالصتانی ریفرنڈم کے انعقاد پر اپنے اعتراضات کو دہرایا اور کینیڈا کی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہندوستان میں جن لوگوں کو خالصتانی دہشت گرد قرار دیا گیا ہے انہیں کینیڈا کے قانون کے تحت بھی دہشت گرد اعلان کیا جائے وزارت خارجہ کے ترجمان ارندم باگچی نے آج یہاں باقاعدہ بریفنگ دیتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہندستان نے انتہا پسند عناصر کی طرف سے کرائے جانے والے خالصتانی ریفرنڈم کے بارے میں ہندستان کا موقف کینیڈین حکومت کو پہنچا دیا ہے اور انہیں بتایا گیا ہے کہ اس پر ملک میں ماضی میں تشدد کے //..---107

اننت ناگ میں مشتبہ ملی ٹینٹوں کی فائرنگ

دو غیر مقامی مزدور زخمی/ پولیس

یو این آئی

سری نگر//جنوبی ضلع اننت ناگ کے وانہامہ دیالگام علاقے میں مشتبہ ملی ٹینٹوں نے دو غیر مقامی مزدوروں پر نزدیک سے گولیاں چلائیں جس وجہ سے دونوں شدید طور پر زخمی ہوئے اور انہیں علاج ومعالجہ کی خاطر نزدیکی ہسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے ایک ترجمان نے بتایا کہ جمعرات کی شام کو ملی ٹینٹوں نے وانہامہ دیالگام علاقے میں دو غیر مقامی مزدوروں جو مقامی اسکول میں کام کر رہے تھے پر گولیاں چلائیں جس کے //..---110

پونچھ میں فوجی اہلکار کی مبینہ خودکشی

یو این آئی

جموں//جموں وکشمیر کے پونچھ ضلع میں ایک فوجی اہلکار نے مبینہ طور پر اپنی ہی سروس رائفل سے اپنی زندگی تمام کردی ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ پونچھ میں فوجی اہلکار نے مبینہ طور پر اپنے ہی سروس رائفل سے اپنی زندگی کا خاتمہ کردیا۔ انہوں نے بتایا کہ اگرچہ فوجی اہلکار کو نزدیکی ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہاں ڈاکٹروں نے ان کو مردہ قرار دیا۔ پولیس نے //..---111

جموں وکشمیر کی پہاڑی برادری کی مانگ پوری

شیڈیولڈ قبیلے کی فہرست میں شامل

'پہاڑی قبیلے، کولی اور گڈا برہمن' برادریوں کو ST فہرست میں شامل کرنے کی تجویز پر NCST کی مہر ثبت

مرکزی کابینہ کی منظوری، شیڈیول ٹرائب آرڈر میں ترمیم اور نظر ثانی شیڈول کو مطلع کرنے کے بعد ہوگی شمولیت

جے کے این ایس

سری نگر//قومی کمیشن برائے شیڈیولڈ ٹرائب NCST نے آر جی آئی کے دفتر کی سفارش کی بنیاد پر پہاڑی برادری جموں وکشمیر کی شیڈیولڈ قبیلے کی فہرست میں شامل کرنے کی تجویز کی حمایت کی۔ جے کے این ایس کے مطابق نیشنل کمیشن فار شیڈیولڈ ٹرائب نے اب جموں وکشمیر کے مرکز کے زیر انتظام علاقے کی درج فہرست قبائل کی فہرست میں ''پہاڑی نسلی گروپ'' کو شامل کرنے کا راستہ صاف کردیا ہے۔ کمیشن کی طرف سے دی گئی تجویز میں 'پہاڑی قبیلے، کولی اور گڈا برہمن' برادریوں کو جموں وکشمیر کی ایس ٹی فہرست میں شامل کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔ یہ فیصلہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے راجوری میں ایک عوامی جلسے سے خطاب میں اعلان کرنے کے ایک ماہ کے اندر سامنے آیا ہے کہ پہاڑی برادری کو ملازمتوں اور تعلیم میں ریزرویشن دی جائے گی۔ امت شاہ کے خطاب کے فوراً بعد، قبائلی امور کی مرکزی وزارت نے 7 اکتوبر کو قومی کمیشن برائے شیڈولڈ ٹرائب کو ایک خط بھیجا، جس میں ان 4 برادریوں کو جموں و کشمیر کی ایس ٹی فہرست میں شامل کرنے کی تجویز پر اس کی رائے اور آراء مانگی گئیں۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ قومی کمیشن کی کئی میٹنگوں کے بعد، پینل نے 20 اکتوبر کی //..---102

ایسا صرف مودی سرکار میں ممکن ہوسکتا تھا

امت شاہ جی کا شکریہ: جتندر سنگھ

پہاڑی برادری کو ایس ٹی کا درجہ ملنے پر ردعمل

جے کے این ایس

سری نگر//مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے جمعرات کو جموں وکشمیر میں پہاڑی برادری کو ایس ٹی کا درجہ دینے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا شکریہ ادا کیا۔ جے کے این ایس کے مطابق مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہا کہ یہ صرف وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت میں ممکن ہوسکتا ہے۔ انہوں نے ٹویٹ میں لکھا ''شکریہ شری امت شاہ جی کا پہاڑی برادری کو ایس ٹی کا درجہ دینے کے دیرینہ مطالبے کو ماننے کیلئے۔ یہ صرف وزیر اعظم شری نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت میں ممکن ہوسکتا تھا جس میں جموں وکشمیر کو تبدیل کرنے کی ہمت اور یقین ہے''۔

ہندوستان اور چین کے مابین جاری کشیدگی کے بیچ

بھارت نے چینی کمپنی ایم جی موٹر کے کھاتوں کی تحقیقات کا آغاز کیا

سی این آئی

سرینگر//بھارت چین کشیدگی کے بیچ ہندوستان میں کام کررہی چینی کمپنیوں کے خلاف بھارت نے مبینہ ضابطگیوں کی جانچ پڑتال شروع کردی ہے۔ چینی کارساز کمپنی ایس اے آئی سی موٹر کی مقامی یونٹ ایم جی موٹر کے خلاف تحقیقات ہندوستان کی کارپوریٹ امور کی وزارت نے شروع کی ہے۔ سی این آئی کے مطابق بھارت نے ایم جی موٹر انڈیا کے خلاف مبینہ مالی بے ضابطگیوں پر انکوائری شروع کردی ہے، اس معاملے سے واقف لوگوں کے مطابق، ملک میں کام کرنے والی چینی فرموں کی جانچ کو مزید گہرا کرتے ہوئے ایم جی موٹر کے کھاتوں کی جانچ کی جارہی ہے۔ چینی کارساز کمپنی ایس اے آئی سی موٹر کے مقامی یونٹ ایم جی موٹر کے خلاف تحقیقات ہندوستان کی کارپوریٹ امور کی وزارت نے شروع کی ہے۔ کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کے تفصیلی تجزیے کے بعد جانچ شروع ہوئی جس میں مشکوک متعلقہ فریق لین دین، مبینہ ٹیکس چوری، انڈر اور اوور انوائسنگ اور دیگر بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی۔ واقفکاروں نے شناخت ظاہر نہ //..---105

بدعنوانی سے نمٹنے کے دوران 'دفاعی ہونے کی ضرورت نہیں: وزیر عظم مودی

اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی بدعنوان شخص کو بخشا نہیں جائے گا چاہے وہ شخص کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو۔

ویجیلنس بیداری ہفتہ 2022 کے درمیان سنٹرل ویجیلنس کمیشن کے 'شکایت مینجمنٹ سسٹم' پورٹل کے آغاز

کے این ایس

سری نگر//انسداد بدعنوانی ایجنسیوں کو غیر متزلزل حمایت کا مظاہرہ کرتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعرات کو کہا کہ انہیں بدعنوانی سے نمٹنے کے دوران دفاعی ہونے کی ضرورت نہیں ہے "یہاں تک کہ جب کچھ "مفادات" کے حامل لوگ ان کو بدعنوانی اور بدنام کرتے رہیں۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق سنٹرل ویجیلنس کمیشن (سی وی سی) کے زیر اہتمام 'ویجیلنس بیداری ہفتہ' سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے پینل، دیگر ایجنسیوں اور افسران کو تاکید کی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی بدعنوان شخص کو بخشا نہیں جائے گا چاہے وہ شخص کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ یہ سی وی سی جیسی تنظیموں کی ذمہ داری ہے کہ کسی بدعنوان شخص کو ''سیاسی یا سماجی پناہ'' نہ ملے۔ ہر کرپٹ شخص کا معاشرے کو جوابدہ ہونا چاہیے۔ ایسا ماحول بنانا ضروری ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ پہلے سے بدعنوان ثابت ہونے والوں کے لیے پینے گائے جا رہے ہیں۔ اپنے آپ کو ایماندار کہنے والے ایسے کرپٹ لوگوں کے ساتھ جا کر تصویریں بنوانے میں شرم محسوس نہیں کرتے۔ یہ صورتحال ہندوستانی معاشرے کے لیے اچھی نہیں ہے،'' انہوں نے کہا۔ کسی کا نام لیے بغیر مودی نے کہا کہ لوگ بدعنوان لوگوں کی حمایت میں دلائل دے رہے ہیں اور انہیں ایوارڈ دینے کی وکالت کر رہے ہیں۔ کرپٹ اور //..---106

دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد جموں کشمیر کی تصویر بالکل بدل گئی

کسی میں ذرا سا کنکر بھی پھینکنے کی ہمت نہیں

ہمارا کشمیر بھارت کا تاج بن کر پھل پھول رہا ہے'' / امیت شاہ

سی این آئی

سرینگر//جموں کشمیر میں دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد کسی میں ذرا سا کنکر بھی پھینکنے کی ہمت نہیں ہے کا دعویٰ کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ ہمارا کشمیر بھارت کا تاج بن کر پھل پھول رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور ہماری معیشت دنیا کی پانچویں بڑی معیشت بن گئی ہے۔ ہندوستان دنیا کا پیداواری مرکز بن گیا ہے۔ سی این آئی مانیٹرنگ ڈیسک کے مطابق گجرات میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد جموں کشمیر کی تصویر بالکل بدل گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفعہ 370 جواہر لال نہرو کے تحفے کو وہاں کی حکومتیں سالوں تک بچوں کی طرح پالتی رہی اور ہمارا کشمیر ہندوستان کے ساتھ اپنا رشتہ بنانے میں ناکام رہا۔ انہوں نے پارلیمنٹ میں آرٹیکل دفعہ کو منسوخ کرنے کا بل لانے پر کانگریس قائدین کی انتباہ کا حوالہ دیا اور کہا کہ انہوں //..---108

اہم مسائل کا حل عوام سے ہی نکلے گا۔ لیفٹیننٹ گورنر

سرحدی دیہات سٹریٹجک اثاثہ، مساوی ترقی ہماری ترجیح، شفاف نظام معیشت کو فروغ دے گا۔

سی این آئی

سرینگر//لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ سرحدی دیہات کی ترقی ایک جامع معاشرے کی تعمیر کے لیے ایک لازمی شرط ہے جہاں کوئی امتیاز نہیں ہوگا اور ہر ایک کو یکساں مواقع حاصل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ترقیاتی عدم توازن کو دور کرنے اور اقربا پروری اور بدعنوانی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے نظام میں انصاف اور شفافیت قائم کی ہے۔ آج، ایک شفاف نظام جموں و کشمیر کی معیشت کو فروغ دے رہا ہے اور اس کی ترقی کو پائیدار بنا رہا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مزید کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ترقی کے انجن کو آگے بڑھانے اور دیہی جموں کشمیر کے سماجی واقتصادی منظر نامے کو تبدیل کرنے کے لیے فیصلہ سازی میں تمام شہریوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے وزیر اعظم نریندر مودی کے ویژن کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ سی این آئی کے مطابق لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ سرحدی دیہات کی ترقی ایک جامع معاشرے کی تعمیر کے لیے ایک لازمی شرط ہے جہاں //..---109



آئندہ اسمبلی انتخابات.....؟، اشاروں کناروں میں باتیں شروع

نیشنل کانفرنس نے کیا اپنے بل بوتے پر الیکشن لڑنے کا ارادہ ظاہر، PAGD کہاں؟

ممکنہ اُمیدواروں کی فہرست مرتب: عمر عبداللہ، اشفاق جبار اور محمد سعید آخون کا نام موجود نہیں

جے کے این ایس

سری نگر//نیشنل کانفرنس نے آئندہ اسمبلی انتخابات اپنے بل پر لڑنے کا اشارہ دیتے ہوئے انتخابات کی تیاریوں کی طرف ایک اہم قدم کے طور پر بدھ کو کشمیر بھر کے 47 اسمبلی حلقوں کے حلقہ انچارجوں کو نامزد کیا۔ ایسا باوَر کیا گیا ہے کہ جب بھی الیکشن کمیشن آف انڈیا کی طرف سے جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کا اعلان کیا جاتا ہے تو یہی نامزد حلقہ انچارج اگلے اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کے امیدوار ہوسکتے ہیں۔ یہاں یہ قابل ذکر ہے کہ نیشنل کانفرنس نے ممکنہ اُمیدواروں کی لسٹ میں سینئر لیڈر شپ کیساتھ ساتھ نوجوان لیڈروں کو کافی اہمیت دی گئی ،جبکہ کئی نئے چہرے بھی اس فہرست میں شامل ہیں۔ جے کے این ایس کے مطابق گرچہ سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ کہہ چکے ہیں کہ اُن کی پارٹی اگلے اسمبلی انتخابات پی اے جی ڈی میں شامل جماعتوں کیساتھ لڑنے کا ارادہ رکھتی ہے، لیکن بدھ کے روز نیشنل کانفرنس کی جانب سے کشمیر کے سینتالیس اسمبلی حلقوں کیلئے حلقہ انچارج نامزد کئے جانے سے اس تاثر کو تقویت ملی ہے کہ دراصل نیشنل کانفرنس اگلے اسمبلی انتخابات میں اپنے بل پر حصہ لینے جارہی ہے۔ بدھ کے روز 47 اسمبلی حلقوں کیلئے انچارج یا ممکنہ اُمیدوار نامزد کئے گئے لیکن اس فہرست میں عمر عبداللہ کا نام شامل نہیں ہے۔ لیکن انتخابات کا اعلان ہونے کے بعد امیدواروں کی فہرست میں اُن کا نام شامل کیا جائے گا، اور عمر عبداللہ اگلے اسمبلی انتخابات، انتخابی حلقے لال چوک، گاندربل یا حضرت ///..---112